ساغر اقبالی

زبان میری ہے بات ان کی

۞ پٹواریوں کی ہڑتال۔ (ایک خبر)

"رشوت کے ریٹ بڑھائے جائیں"

۞ بھنگ پئیو بھنگڑے ڈالو نماز کی ضروریات نہیں (نعوذ باللہ) (یزمان کا بھنگی پیر خادم حسین)

پھرے ننگ تے دھڑنگ کھاوے بُوئے بُوئے منگ پیوے بھنگ تھیوے تنگ خادم بھنگی اے ملنگ

۞ توہین عدالت کیس میں طارق عزیز کو جیل بھیج دیا گیا۔ (ایک خبر)

"دکھتی آنکھو! اور بہتے کانو! یہ کونسا سٹوڈیو ہے؟"

۞ نصرت بھٹو کو گرفتار کر کے عدالت میں پیشی کرنے کا حکم۔ (ایک خبر)

وہ تو پہلے ہی بے نظیر نے گرفتار کر رکھی ہے

۞ اپنی دولت سے ایک کنال کا کچن بناؤں یا ایک میل کا کسی کو کیا تکلیف! (کلثوم نواز)

یہ تو نواز شریف سے پوچھیں!

۞ کرپٹ مافیا دم توڑنے لگا عوام کو ریلیف مل رہا ہے (کور کمانڈرز کی کانفرنس)

مریض دم توڑ رہا ہے اور ڈاکٹر سب اچھا کا راگ الاپ رہے ہیں

۞ معین خان سے برآمد ہونے والی شراب کینیا سے انعام میں ملی۔ (ترجمان کرکٹ بورڈ)

اس کا مطلب ہے آپ انعام میں ملنے والی کو حلال سمجھتے ہیں!

۞ حدود قوانین چودہ سو سال پرانے ہیں۔ ملک اسلام کے لئے نہیں بنا تھا۔ (اقبال حیدر)

آپ جیسے بدکار اور زانی شرابی لوگوں کی حرام کاریوں کے لئے بھی نہیں بنا تھا!

۞ بیرون ملک رہ کر قید تنہائی محسوس کر رہی ہوں۔ (بے نظیر)

وطن واپس آجائیں آنے والوں کو کہاں روک رکھا ہے کوئی

۞ ملتان میں چھ ماہ میں 106 قتل 89 خودکشی اور 223 اغوا ہوئے (ایک خبر)

۞ تھانہ کینٹ کا ننگا تھانیدار رنگ رلیاں مناتے پکڑا گیا پولیس نے عوام سے چھڑا لیا (دوسری خبر)

۞ پٹواری کے ڈیرے پر مجرا شراب کی سرکاری محفل پر چھاپہ عیاش پولیس اہلکار اور طوائفیں باعزت بری! (تیسری خبر)

یہ تیرا پاکستان ہے یہ میرا پاکستان ہے!

۞ حلوہ کھانے والے مولویوں نے قوم کو بزدل بنا دیا ناکارہ پیر اور آرام طلب مولوی خدا سے نہیں جیل جانے سے ڈرتے ہیں (مولانا شاہ احمد نورانی)

دندناتے ہیں خانقاہوں میں طعن کرتے ہیں خستہ حالوں پر

بیچ کھاتے ہیں چادر زہراؓ جاں چھڑکتے ہیں خوش جمالوں پر